فرہنگِ غالب

یعنی

فارسی، عربی، ترکی، سنسکرت، ہندی اور اُردو
لغات کی تحقیق و تشریح، میرزا غالب
کے اپنے الفاظ میں،

مرتبہ

امتیاز علی خاں عرشی

ناظم کتاب خانۂ رامپور

بارِ اول

۱۹۷۴ء

پیشکش

بحضورِ کسی کہ ذوقِ مرا
آفرین گفت و شادمانم کرد

مولف

مضامین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

ایرانی آج تک ہندیوں کی خدمتِ زبانِ فارسی کا بقدرِ بایست شکریہ ادا نہیں کرتے، حالانکہ مسعودِ سعدِ سلمانِ لاہوری، حضرت امیر خسرو ترک اللہ دہلوی، میرزا عبدالقادر بیدل عظیم آبادی، میرزا اسد اللہ خاں غالب دہلوی، مولانا عبدالجبار خاں آصفی رامپوری اور علامہ اقبال مرحوم وغیرہ کی شاعرانہ نکتہ سنجیوں سے قطعِ نظر کرلی جائے، تو بھی خالص لسانیاتی کام جس کیفیت و کمیت کا ہندوستانی علمانے انجام دیا ہے، ایران کے اہلِ زبان اُس کا عشرِ عشیر بھی نہ کر سکے۔

قواعدِ فارسی | فارسی زبان کی صرف و نحو، معانی و بیان و بدیع اور عروض و قوافی پر ہندوستان میں جو کتابیں تالیف ہوئیں، اُن میں سے چند کے نام یہ ہیں[1]:-

---

[1] یہ سب کتابیں کتاب خانۂ عالیہ رامپور میں محفوظ ہیں۔

۱- بدایع البیان، ملک العلما قاضی شہاب الدین، دولت آبادی، متوفی ۸۴۹ھ = ۱۴۴۵ء -

۲- مجمع الصنائع، نظام الدین احمد صدیقی، صاحبِ کرامات الاولیا، مصنفۂ ۱۰۶۰ھ = ۱۶۵۰ء

۳- رسالۂ قوانین، میر عبدالواسع ہانسوی، معاصرِ شہنشاہِ عالمگیر۔

۴- ضوابطِ عظیم، محمد عظیم قریشی اٹاوی، مصنفۂ ۱۱۳۸ھ = ۱۷۲۵ء

۵- منار الضوابط، عبدالباسط بن محمد صالح امیٹھوی مصنفۂ ۱۱۳۸ھ تقریباً = ۱۷۲۵ء

۶- موہبتِ عظمیٰ، وعطیۂ کبریٰ، علامہ سراج الدین علی خان آرزو اکبرآبادی، متوفی ۱۱۶۹ھ = ۱۷۵۶ء -

۷- جواہر الحروف، لالہ ٹیک چند بہار، مصنفۂ ۱۱۵۲ھ تقریباً = ۱۷۳۹ء -

۸- حدایق البلاغۃ، میر شمس الدین فقیر دہلوی، مصنفۂ ۱۱۶۸ھ = ۱۷۵۵ء -

۹- تکملۃ الفارسی، ملک العلمای فارسی قطب علی

عرف نتھن بریلوی، مصنفہ ۱۱۷۵ھ = ۱۷۶۱ء۔

۱۰۔ مجمع البحرین، نظام شاہجہانپوری، مصنفہ ۱۱۸۸ھ = ۱۷۷۴ء۔

۱۱۔ بحرالفوائد، روشن علی انصاری جونپوری، متوفی ۱۲۲۵ھ تقریباً = ۱۸۱۰ء۔

۱۲۔ شجرۃ الامانی، محمد حسن قتیل فرید آبادی، مصنفہ ۱۲۰۶ھ = ۱۷۹۱ء۔

۱۳۔ منتخب النحو، سید منیر حسین بلگرامی، مصنفہ ۱۲۱۴ھ = ۱۷۹۹ء

۱۴۔ مقدمۂ جواہرالکلام، عنبر شاہ خاں عنبر و آشفتہ رامپوری متوفی ۱۲۳۹ھ = ۱۸۲۳ء

۱۵۔ آمدنامہ، خلیفہ غیاث الدین عزت رامپوری، متوفی ۱۲۶۸ھ = ۱۸۵۲ء۔

۱۶۔ گلبن اکبر، مولوی محمد عثمان خاں بہادر قیس مدارالمہام ریاست رامپور، مصنفہ ۱۲۶۶ھ = ۱۸۵۰ء۔

۱۷۔ نہج الادب، مصنفہ مولوی نجم الغنی خاں مرحوم رامپوری، متوفی ۱۹۳۲ء۔

ہندوستانیوں کی سیکڑوں کتابوں میں سے یہ گنتی کے نام بھی اثباتِ مدعا کے لیے کافی ہیں، کیونکہ یہ کتابیں

ایرانیوں کے لیے بھی سنگِ میل کا کام دیتی رہی ہیں، بالخصوص آخری کتاب کی تصنیف پر، جو قواعدِ زبانِ فارسی کی انسائیکلو پیڈیا ہے، وزارتِ معارفِ ایران نے مولف کو تمغا عطا کیا تھا۔

لغاتِ فارسی| لغاتِ فارسی کے متعلق بھی صورتِ حال یہی ہے۔ اگر لغتِ فرسِ اسدی طوسی، مجمع الفرسِ سروری کاشانی، اور ایسی ہی ایک دو اور کتابوں کو الگ کرکے دیکھا جائے، تو سارے عالم میں فارسی الفاظ کی تحقیق و تشریح کا دار و مدار اُنھیں مولفات پر نظر آئے گا، جو یا تو ہندیوں نے لکھی ہیں، یا ہندوستانی سلاطین و امرا کی فرمایش پر لکھی گئی ہیں۔ ایرانیوں کے پاس لے دے کر ایک فرہنگِ انجمن آرای ناصری ہے، جو یکسر اُنھیں ہندیوں کی تصنیفات کی رہینِ منت ہے۔

ہندوستان میں فارسی لغات پر جتنی کتابیں تصنیف ہوئی ہیں، اُن کا احصا طویل فرصت چاہتا ہے یہاں صرف اُن چند تالیفات کے نام لکھے جاتے ہیں، جو یا چھپ چکی ہیں، یا کتاب خانۂ عالیۂ رامپور اور دوسرے

مشہور کتاب خانوں میں محفوظ ہیں۔

۱۔ دستور الافاضل[1]، حاجت خیرات دہلوی۔ مصنفہ ۷۴۳ھ = ۱۳۴۲ء۔

۲۔ بحر الفضائل[2]، محمود بن قوام البلخی الکرئی، مصنفہ ۷۹۵ھ تقریباً = ۱۳۹۳ء۔

۳۔ اداۃ الفضلا[3]، قاضی بدر محمد دہلوی، مصنفہ بعد ۸۱۲ھ = ۱۴۰۹ء۔

۴۔ مفتاح الفضلا[4]، محمد بن داود شادیابادی مصنفہ ۸۷۳ھ = ۱۴۶۸ء۔

۵۔ شرف نامۂ منیری، ابراہیم قوام فاروقی، مصنفہ قبل ۸۷۹ھ = ۱۴۷۴ء

۱۔ فہرست ایشیاٹک سوسائٹی، بنگال، کرزن کلکشن: ۱۷۱ ۔
۲۔ فہرست کتابخانۂ انڈیا آفس، نمبر ۱۲ ۲۵ و ۷ ۶ ۲۹ و فہرست کتابخانۂ آصفیہ، و کتابخانۂ رامپور فن لغت فارسی نمبر ۶ ۔
۳۔ فہرست کتاب خانۂ باڈلین ، نمبر ۱۶ ۱۷، و برٹش میوزیم: ۷۲ ۹۱ ۴۔
۴۔ فہرست برٹش میوزیم، ضمیمہ: ۱۱۶ ۔

۶۔ مجمل العجم، عاصم شعیب عیدوسی، مصنفہ ۸۹۹ھ = ۱۴۹۴ء

۷۔ تحفۃ السعادہ، محمود بن شیخ ضیاء الدین محمد دہلوی، مصنفہ ۹۱۶ھ = ۱۵۱۰ء

۸۔ موید الفضلا، شیخ محمد خضری بن شیخ لاڈ دہلوی مصنفہ ۹۲۵ھ = ۱۵۱۹ء

۹۔ کشف اللغات[۲]، شیخ عبد الرحیم بن احمد سور بہاری شاگرد شیخ محمد بن لاڈ دہلوی، مصنفہ ۹۵۰ھ تقریباً = ۱۵۴۳ء

۱۰۔ فرہنگ شیر خانی، شیر خاں سور، مصنفہ ۹۵۵ھ = ۱۵۴۸ء۔

۱۱۔ حل لغات الشعرء، عبد اللطیف بن سید کمال الدین مشہور بہ یمین، مصنفہ ۹۹۱ھ = ۱۵۸۳ء

۱۲۔ انیس الشعرا، عبد الکریم کریمی بن قاضی راجن ہمیرپوری، مصنفہ ۹۹۸ھ = ۱۵۹۰ء۔

۱۳۔ مدار الافاضل، ملا الہٰ داد فیضی بن علی شیر

۱۔ فہرست برٹش میوزیم: ۲، ۴۹۳۔

۲۔ فہرست کتابخانۂ انڈیا آفس، لندن، نمبر ۲۴۶۵۔

سرہندی، مصنفہ ۱۰۰۱ھ = ۱۵۹۲ء

۱۴- فرہنگ جہانگیری، عضد الدولہ میر جمال الدین حسین اینجوی شیرازی، مصنفہ ۱۰۱۷ھ = ۱۶۰۸ء

۱۵- دُرِّ دری[1]، تصنیف علی یوسفی شروانی برای شاہزادہ خسرو بن جہانگیر شاہ بادشاہِ ہندوستان، مصنفہ ۱۰۱۸ھ = ۱۶۰۹ء-

۱۶- مجمع اللغاتِ خانی[2]، نعمت اللہ حسینی شیرازی، مصنفہ ۱۰۵۳ھ = ۱۶۴۳ء-

۱۷- برہانِ قاطع، تصنیفِ محمد حسین برہان تبریزی، مصنفہ ۱۰۶۲ھ = ۱۶۵۱ء

۱۸- فرہنگِ رشیدی، ملا عبدالرشید حسنی ٹھٹھوی، مصنفہ ۱۰۷۷ھ = ۱۶۶۶ء

۱۹- فرہنگِ حسینی، حسین بن احمد، معاصر شہنشاہِ عالمگیر-

۱- فہرست کتابخانۂ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال، کرزن کلکشن: ۳۷۶

۲- فہرست کتابخانۂ ایشیاٹک سوسائٹی: ۶۷۷-

۲۰۔ اشہر اللغات[1]، غلام اللہ بھیکن ہانسوی، مصنفہ ۱۰۸۲ھ = ۱۶۷۱ء۔

۲۱۔ فرہنگِ جمیلی[2]، عبدالجلیل بن محمد جمیل بدخشی دہلوی مصنفہ ۱۱۳۴ھ = ۱۷۲۲ء

۲۲۔ سراج اللغۃ، سراج الدین علی خاں آرزو اکبرآبادی مصنفہ ۱۱۴۷ھ = ۱۷۳۴ء۔

۲۳۔ چراغِ ہدایت، خانِ آرزو مذکور۔

۲۴۔ مصطلحاتِ شعرا، سیالکوٹی مل وارستہ لاہوری، مصنفہ ۱۱۵۱ھ = ۱۷۳۸ء

۲۵۔ بہارِ عجم، لالہ ٹیک چند بہار، مصنفہ ۱۱۵۶ھ = ۱۷۴۳ء

۲۶۔ نوادر المصادر[3]، بہار مذکور۔

۲۷۔ مرآۃ الاصطلاح[4]، آنند رام مخلص مصنفہ ۱۱۵۸ھ = ۱۷۴۵ء۔

۱۔ فہرست کتابخانۂ ایشیاٹک سوسائٹی: ۶۷۹ و فہرست کتابخانۂ بانکے پور، پٹنہ، ۵۰۲
۲۔ فہرست کتاب خانۂ باڈلین نمبر ۱۷۵۵۔
۳۔ فہرست کتابخانۂ بانکے پور، پٹنہ، نمبر ۸۱۱۔
۴۔ اس کا ایک معمولی نسخہ کتاب خانۂ رامپور میں اور دوسرا بانکے پور پٹنہ میں اور تیسرا خود مصنف کا نوشتہ نہایت خوشخط عالی جناب ڈاکٹر سید اظہر علی صاحب، ایم، اے، پی، ایچ ڈی، پروفیسر سینٹ اسٹیفنس کالج، دہلی، کے پاس ہے۔

۲۸- عینِ عطا[1]، عطاء اللہ دانشور خاں ندرت تخلص، مصنفہ ۱۱۶۲ھ = ۱۷۴۹ء۔

۲۹- فرہنگِ خانی[2]، شیخ خان محمد صدیقی ہرہرپوری، مصنفہ ۱۱۷۴ھ = ۱۷۶۰ء۔

۳۰- مدینۃ الاصطلاح[3]، نجم الدین علی بن محمد مراد حسینی دربھنگوی، مصنفہ ۱۱۹۱ھ = ۱۷۷۷ء

۳۱- رقیمۃ الاصطلاح[4]، یار علی راقم بہاری حاجی پوری، مصنفہ ۱۲۰۲ھ = ۱۷۸۷ء

۳۲- مفتاح الخزائن، لالہ جیرام کھتری دہلوی، مصنفہ ۱۲۲۹ھ = ۱۸۱۳ء

۳۳- مرآۃ الاصطلاحات، عنبر شاہ خاں عنبر و آشفتہ رامپوری، مصنفہ ۱۲۳۴ھ = ۱۸۱۹ء

۳۴- غیاث اللغات، خلیفہ غیاث الدین عزت

۱- فہرست کتاب خانۂ انڈیا آفس، لندن، نمبر ۲۵۱۵
۲- فہرست ایشیاٹک سوسائٹی، بنگال، کرزن کلکشن: ۳۷۷
۳- فہرست ایشیاٹک سوسائٹی، بنگال: ۶۸۱ -
۴- فہرست کتاب خانۂ شاہی برلین، جرمنی، نمبر ۱۷۴ -

رامپوری، مصنفہ ۱۲۴۲ھ = ۱۸۲٦ء

۳۵۔ لغات اختر، قاضی محمد صادق خاں اختر متوفی ۱۲۷۳ھ = ۱۸۵۴ء

۳٦۔ بحرِ عجم[1]، محمد حسین قادری راقم تخلص، مصنفہ ۱۲۷۲ھ = ۱۸۵۵ء

۳۷۔ معیارِ الاغلاط، منشی امیر احمد امیر مینائی، مصنفہ ۱۲۸۱ھ = ۱۸٦۴ء۔

۳۸۔ فرہنگِ اندراج، منشی محمد بادشاہ دبےنگری مصنفہ ۱۳۰٦ھ = ۱۸۸۸ء۔

ان کتابوں کے مرتب کرنے والوں نے اپنی عزیز عمر الفاظ کی تحقیق و تلاش میں صرف کی۔ لغت کی پچھلی کتابوں کے علاوہ، نظم و نثر کی کتابوں کے ہزارہا صفحات کی ورق گردانی کر کے الفاظ و محاورات کا ذخیرہ جمع کیا، اور ایک ایک لفظ کے تلفظ اور معنی اور ہر ہر محاورے کی حقیقت اور محلِ استعمال کا کھوج لگا کر آنیوالی نسلوں کے لیے عظیم الشان ذخیرہ چھوڑ گئے۔

۱۔ فہرست کتاب خانۂ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال، کرزن کلکشن: ۳۷۸

یہ حقیقت ہے کہ تحقیق کے اعتبار سے یہ سب لغوی ہمرتبہ نہیں ہیں، گو فارسی زبان سے علاقہ رکھنے والوں کے شکریے کا استحقاق سب کو ہے۔ اہلِ علم کی رائے ہے جن فارسی لغت نویسوں کو محققین میں شمار کیا جانا چاہیے، اُن میں تقدمِ زمانی کے لحاظ سے پہلا شخص عبدالرشید صاحب فرہنگِ رشیدی ہے۔ ان کے بعد خانِ آرزو اکبرآبادی کا درجہ ہے۔ یہ فارسی کے بڑے نکتہ رس اور دقیقہ سنج شاعر اور نقاد تھے۔ سب سے پہلے انھوں نے فارسی و سنسکرت کے لسانی توافق کا نظریہ دنیا کے سامنے پیش کیا۔ ان کی نوادر الالفاظ، اردو زبان کے لغات کی اور سراج اللغۃ اور چراغِ ہدایت، فارسی الفاظ کی تحقیق و تشریح میں تمام دوسری کتابوں سے بلند پایہ ہیں۔

محمد حسین تبریزی کی برہانِ قاطع اپنی جامعیت کی بدولت فارسی محفل میں بارِ عام حاصل کرچکی تھی۔ انھوں نے سراج اللغۃ میں اُس کی تمام سہل انگاریوں کو آجاگر کرکے رکھ دیا ہے، اور سروری، جہانگیری اور رشیدی کی

غلط فہیوں پر بھی روشنی ڈالتے چلے گئے ہیں۔ اپنی بلندیٔ تحقیق، ندرتِ ترتیب، اور جامعیتِ الفاظ کی وجہ سے یہ کتاب بالیقین اس قابل ہے کہ چھاب کر شائع کی جائے۔ فہل من سامع ؟

آرزو کے بعد ٹیک چند بہار کا نمبر ہے، جس کی بہارِ عجم محاورات کا عظیم الشان مجموعہ ہے، اور ایشیا اور یورپ دونوں جگہ معتبر و مستند تسلیم کی جاتی ہے۔

بہار کے بعد خود آرزو کے وطن اکبرآباد میں ایک فارسی کا دلدادہ پیدا ہوا، جو میرزا اسداللہ خاں غالب دہلوی کہلاتا، اور فارسی و اردو کا بہت بڑا شاعر مانا جاتا ہے۔ غالب کو فارسی کا ذوق فطرت سے ودیعت ہوا تھا۔ کثرتِ مطالعہ اور دقتِ نظر نے اُن کی لسانیاتی دقیقہ سنجی اور ادبی نکتہ رسی کو اور زیادہ روشن کردیا تھا غالب نے اپنے اوقاتِ فرصت کو برہانِ قاطع کی تصحیح میں صرف کرکے ۱۲۷۶ھ میں قاطعِ برہان کے نام سے جو چھوٹا سا رسالہ شائع کیا ہے، وہ مذکورۂ بالا دعوے کا زبردست ثبوت ہے۔ یہ انیسویں صدی کے پرجمود ادب

تقلیدی ہندوستان میں آزاد لغوی نقد و تبصرہ کا پہلا قدم تھا۔ اس کے ذریعے بہت سے دھبے سامنے آئے تھے، جن سے ہمارے بزرگوں کے کان اور آنکھیں قلتِ مطالعہ کے باعث ناآشنا تھیں۔

غالب سے اس سلسلے میں غلطی یہ ہوگئی کہ اُنھوں نے بیان متانت و تہذیب سے گرا ہوا اختیار کیا۔ ہندوستانی ادیب اسے برداشت نہ کرسکے، اور ملک کے گوشے گوشے سے اُن کے خلاف ترکی بہ ترکی نہیں، ترکی بہ پشتو کا سلسلہ جاری ہوگیا۔ غالب اور اُن کے دوستوں نے ضد میں برہانِ قاطع کے ساتھ انجو، رشید، وارستہ بہار، قتیل اور ملا غیاث الدین کو بھی بے نقط سنانا شروع کردیں۔ اس صورتِ حال نے لوگوں کو اُن کی درست باتوں کے تسلیم کرنے سے بھی باز رکھا، اور نتیجے میں وہ تمام تحقیقات، جس کی توثیق فرہنگِ انجمن آرای ناصری نے بھی کی ہے، مخالفت کی گرد میں دب کر رہ گئی۔

غالبًا بعض پارسی علما کی صحبت اور اُن کی تصنیفات

کے مطالعے نے غالب میں قدیم فارسی الفاظ کے استعمال کا شوق پیدا کر دیا تھا۔ یہ لفظ عام طور پر ہندی فارسی دانوں کے لیے اجنبی تھے۔ ضخیم لغت کی کتابوں کی ورق گردانی سے بچانے کے لیے اپنی کتابوں کے حاشیوں پر فارسی یا اردو مترادفات پیش کر کے غالب نے اُن سب کو حل کیا تھا۔ پنج آہنگ میں اس قسم کے مستعمل لفظوں کی تشریح کتاب ہی کے ایک باب میں درج کر دی گئی تھی۔ بہت سے لفظ دوستوں کے سوال کرنے پر اردو مراسلت میں زیرِ بحث آئے تھے۔ اُن لفظوں کی بھی خاصی تعداد تھی، جنھیں غالب نے قادر نامے میں نظم کیا تھا۔

۱۳۶۳ھ کے آخر میں مجھے خیال ہوا کہ اگر قاطعِ برہان وغیرہ کے صرف تحقیق و تشریحِ الفاظ سے متعلق حصے غالب کی دوسری کتابوں کے حلِ لغات کے ساتھ ایک کتاب میں حروفِ تہجی پر مرتب کر دیے جائیں، تو اُن کی برسوں کی محنت اکارت ہونے سے بچ جائے گی، ورنہ کسے فرصت کہ قاطعِ برہان وغیرہ کو دیکھے اور تحقیق کی داد دے۔ اور اگر کوئی کرنا بھی چاہے، تو یہ کتابیں

عام طور پر دستیاب کہاں ہوتی ہیں۔

الحمد للہ کہ چند مہینوں کی کنج کاوی سے یہ مجموعہ مرتب ہوگیا۔ چونکہ اس کا ہر ہر لفظ غالب ہی کا تراویدۂ قلم تھا، میں نے اس کا نام فرہنگِ غالب تجویز کیا ہے۔

کتاب کے دو حصّے ہیں۔ پہلا عربی و فارسی وغیرہ پر اور دوسرا اردو الفاظ پر مشتمل ہے۔ ہر لفظ کی تشریح کے بعد قوسین میں اُن کتابوں کے رموز لکھ دیے گئے ہیں، جہاں سے وہ تشریح ماخوذ ہے۔ لیکن حصۂ دوم میں تقریباً ہر جگہ اور اول میں جگہ جگہ یہ رموز ترک بھی ہوئے ہیں۔ یہ وہ مقامات ہیں جہاں غالب نے کسی لفظ کو بطورِ مترادف تحریر کیا تھا، مگر میں نے اُسے اس لیے مستقل لغت قرار دے لیا ہے کہ جو اصحاب غالب کے چنے ہوئے الفاظ کو اپنی تحریروں میں استعمال کرنے کے خواہاں ہوں، وہ مشہور اور مستعمل لفظ کے ذریعے اُس لفظ تک بآسانی رسائی حاصل کر سکیں، جو غالب نے فارسی ذخیرۂ الفاظ میں سے اپنے لیے چنا تھا۔

ان الفاظ کا حوالہ تلاش کرنا مقصود ہو، تو تشریح

کے پہلے مترادف کو اُس کی ردیف نکال کر دیکھ لینا چاہیے اور اگر پہلا مترادف بھی حوالے سے خالی ہو، تو پھر یکے بعدِ دیگرے سب پر نظر ڈال لیجائے۔ اگرچہ اس زحمت کی ضرورت بہت کم پیش آئے گی۔

ماخذ جن کتابوں سے یہ ذخیرۂ الفاظ چنا گیا ہے، اُن کے نام اور رموز یہ ہیں:

آ اردوی معلی
بر ابرِ گہر بار (مثنوی)
پ پنج آہنگ
پ قظ ایضاً قلمی، مملوکۂ جناب ڈاکٹر سید اظہر علی صاحب ایم اے، پی ایچ ڈی ۱۔
تنخ انتخابِ غالب
تیغ تیغ تیز
خ خطوطِ غالب
د دستنبو مطبوعہ۔ ا
د قظ ایضاً قلمی، مملوکۂ ڈاکٹر صاحب موصوف الذکر۔

۱۔ یہ نسخہ در اصل کلیات نثر فارسی کا ہے، جسے میر مہدی مجروح کے بلغو بزرگ نے خود مجروح کی فرمائش پر نقل کیا تھا۔

د تخ ایضاً قلمی، نسخۂ کتاب خانۂ رامپور، جس کے حاشیوں پر متعدد جگہ غالب نے اپنے قلم سے بعض الفاظ کے معنی لکھے ہیں۔

س سبد چین

ع عودِ ہندی۔

عس ادبی خطوطِ غالب، از میرزا محمد عسکری صاحب لکھنوی۔

فش درفشِ کاویانی۔

ق قاطعِ برہان

قن قادر نامہ

کق کلیاتِ غالب فارسی، قلمی

کم ایضاً، مطبوعہ

م مہرِ نیمروز۔

مک مکاتیبِ غالب

ن نادر خطوطِ غالب[۱]

۱۔ یہ کتاب جعلی خطوط کا مجموعہ ہے۔ لیکن یہ جعل عبارت میں نہیں، مکتوب الیہ کے متعلق عمل میں آیا ہے، عبارت غالب ہی کے مطبوعہ خطوط کے تار و پود سے بنا ہے، اس لیے دو چار باتیں اس سے اخذ کر لی گئی ہیں۔

دہلی اردو اخبار، نمبر۱۴ جلد ۱۵ بابت ۳ ماہ اپریل ۱۸۵۳ء مطابق ۲۳ جمادی الآخر ۱۲۶۹ھ جس کے ضمیمے میں غالب کا قصیدہ، "داد گوتا ستم بر اندازد" چند مشکل لفظوں کے حل کے ساتھ شائع ہوا تھا۔

یہاں اس امر کی وضاحت ضروری ہے کہ کسی لفظ کے ساتھ چند حوالوں کے ذکر کا یہ مقصد ہرگز نہیں کہ ان سب میں تشریحی الفاظ ایک ہیں۔ ہر کتاب کے پورے تشریحی لفظ نقل کرنا غیر ضروری طوالت کا موجب تھا، اس لیے صرف مفصل یا واضح تفسیر کو اختیار کر لیا گیا ہے۔ ہاں، بعض جگہ دوسری تشریحات کے مفید مطلب ٹکڑوں کو بھی چن کر اس تشریح کے کسی مناسب حصے میں سمو دینے کی کوشش کی ہے، مگر یہ مواقع نسبتہً کم ہیں۔

اردو تشریحات کا فارسی تشریحوں میں کھپانا سفید کپڑے میں رنگین پیوند لگانا تھا۔ ایسے مواقع پر مخصوص اردو مترادف لفظ کو متن میں اور پوری عبارت کو حاشیے میں تحریر کیا ہے۔ اسی طرح جس لفظ کی فارسی تشریح خود میرزا غالب نے نہیں کی تھی، اس کی اردو تشریح میں سے

فارسی عبارت کے ہم آہنگ الفاظ چن کر متن کے اندر، اور کل عبارت حاشیے میں لکھ دی ہے۔ صرف دس پانچ جگہیں ضرور ایسی رہ گئی ہیں جہاں متن میں اردو تفسیر منقول ہے مگر ان مقامات پر مولف کی نظر میں یہی طرزِ عمل مناسب تھا۔

حواشی و اعراب: مذکورۂ بالا حاشیوں کے علاوہ، جو غالب کے تنبیہات کہے جا سکتے ہیں، مولف نے بھی جگہ جگہ توضیحی حاشیے لکھے ہیں۔ ان سے مقصود یا تو غالب کی تائید و توثیق ہے، یا یہ واضح کرنا ہے کہ غالب نے جو رائے ظاہر کی ہے، اُس سے لغت نویسوں کو اختلاف ہے اور یا اُن الفاظ کے اعراب کی سند پیش کرنا ہے، جنھیں غالب نے عمداً چھوڑ دیا تھا۔ اگر ان موارد میں کچھ سہو ہوا ہو، تو اس کی ذمہ داری غالب پر نہیں، مولفِ فرہنگ پر عائد کی جائے۔

ان حاشیوں میں اس کا التزام رہا ہے کہ بغیر مستند حوالے کے کوئی لفظ نہ لکھا جائے، اس لیے امید ہے کہ مطالعہ کرنیوالوں کو مزید تحقیق میں کسی طرح کی دشواری پیدا نہ ہو گی، اور وہ ماخذِ حواشی تک بآسانی رجوع کر سکیں گے۔

ایک کتاب دری کستا کا ذکر حاشیوں میں جا بجا نظر آئے گا۔ یہ کتاب مولوی نجف علی خاں جھجری کی تالیف ہے جو برہانِ قاطع کے ادبی جھگڑے میں غالب کے حامی و مددگار، اور اس سلسلے کی مشہور کتاب دافعِ ہذیان کے مولف تھے۔ ان کی فنی حیثیت زیادہ قابلِ استناد نہیں؛ مگر میں نے دری کستا کو صرف اس بنا پر پیشِ نظر رکھا ہے کہ غالب نے اس کی تقریظ میں، جو نسخۂ مطبوعہ کے آخر میں چھپی بھی ہے، کتاب اور مولف دونوں کی تعریف کی ہے، حالانکہ اس میں اکثر جگہ غالب سے اختلاف رائے پایا جاتا ہے۔

اس اختلاف کے باقی رہ جانے کا سبب غالب کی سہل انگاری ہو، کہ اُنھوں نے کتاب دیکھے بغیر اُس پر مُہرِ تصدیق ثبت فرما دی، یا خود مولف کا اپنی رائے پر اصرار، بہر حال میری رائے میں یہ اختلاف قابلِ اظہار تھا، اس لیے دیدہ ور اصحاب سے اس جرأت کا عذر خواہ ہوں۔

معذرت و تشکریہ | فرہنگِ غالب کی کاپیاں پڑھنے کے دوران

میں، ترتیب اور حوالوں کی جو کوتاہیاں نظر آئی تھیں، حتی الامکان اُن کی اصلاح کردی گئی ہے۔ اب کہیں کوئی خامی نظر آئے، تو اسے یہ تصور کیا جائے کہ یا اُس پر میری نظر نہیں پڑی، یا طباعتِ ثانی کی نوبت آنے تک اُس کی درستی ممکن نہ تھی۔

آخر میں، عالی جناب ڈاکٹر عبدالستار صاحب صدیقی ایم، اے، پی ایچ ڈی، کی خدمتِ والا میں شکریہ پیش کرتا ہوں، جنھوں نے ازراہِ لطف درفشِ کادیانی کا نسخہ عطا کرکے میری بیش قیمت مدد فرمائی۔

کتاب خانۂ ریاست رامپور
۳۰ جون ۱۹۴۶ء

امتیاز علی عرشی
ناظمِ کتاب خانہ

حصّۂ اوّل

فارسی وغیرہ

آ

آب : ترجمہ ماء کا ہندی جس کی پانی۔ اور بمعنیٔ رونق ولطف بھی آتا ہے۔ اور اسلحہ کی صفائی اور جواہر کی تیزی کو بھی کہتے ہیں
(فن، نغ)

آباد : در زبانِ پہلوی باوجودِ معنیٔ دیگر بمعنیٔ آفرین نیز ہست۔
(فش، ق)

آبادچہ : بستی۔ (د)

آب بر دستِ کسی ریختن : کنایہ از خدمتِ آن شخص کردن۔
(پ)

آب بر لیسمان بستن : اشارہ بتقدیم کاری ناسودمند۔ (پ)

آب بہاون کوفتن : اشارہ بتقدیم کاری ناسودمند۔ (پ)

آب تاختن : بمعنیٔ بول کردن۔ (پ)

آبچین: اسمِ جامہ ایست کہ پس از شستنِ دست در و بدان جا نم از دست در ربایند۔ و آن چیزیست کہ در عرف آن را رومال گویند۔ آبچین فارسیٔ قدیم در رومال فارسیٔ جدید۔ ایرانیٔ بمن گفت کہ رومال نامی است نہادۂ خاتونانِ ایران ازان جا کہ طبعِ اناث وسوسہ زاست، لفظِ مشترک بین الحی و المیّت بر خاطر ہای نازکِ شان گران آمد۔ لاجرم بہرِ آبچین اسمی دیگر تراشیدند۔ (د، قش، ق)

آبِ حرام: شرابِ انگوری را در مقامِ مذمت نیز آبِ حرام نامند (قش، ق)

آبخورد: بمعنیٔ اقامت۔ (م)

آب در جگر داشتن: بمعنیٔ تمول۔ (قش، ق)

آب دست: بحرکت و سکونِ موحدہ عموماً ترجمۂ غسالۂ ید ہے، اور خصوصاً وضو کو کہتے ہیں۔ تعمیم کی سند استاد کا شعر،

بے تکلف رد ببائی کن اگر دل خستۂ
کابدستِ او شفا بخش ہمہ بیمارہاست

تخصیص کی سند نامِ حق کی بیت:

آبدست و نماز باید کرد دل مقامِ گداز باید کرد
(نغ)

آبدَندان : بسکونِ بای موحدہ، نوعیست از امرود۔ و ہرگاہ با لفظِ حریف ترکیب دہند، معنیٔ عاجز و مغلوب دہد۔ (م)

آب دہِ دست : ہاتھ دُھلانے والا۔

آبِشتَنی : و آبستنی، باضافۂ یای تحتانی، بمعنیٔ زنِ حاملہ۔ مخفی نماند کہ آبِشتن مصدر نیست کہ آبست ماضی و آبستہ مفعولِ آن تواند بود۔ بلکہ اسمیست جامد و لغتی است غیر متصرف[۱] (پ)

آبِشتَن : و بتبدیلِ شینِ منقش بسینِ سادہ آبستن نیز، اسمی است جامد غیر متصرف، بمعنیٔ ہر چیز کہ از نظر نہان باشد عموماً، و بمعنیٔ زنِ باردار خصوصاً۔ و ہم ازین جہت کہ از نظر نہان باشد و دران محل تنہا روند، آبشتگاہ اسم بیت الخلا نہادند۔ آبشتنگاہ، آبشتنگہ و آبشتگاہ و آبشتگہ گیست کہ یکی نداند[۲]۔ (فش، ق)

آبش زیر کاہ است : افادۂ معنیٔ خوبی و نیکیٔ باطن نمی کند بلکہ مراد آنست کہ حالِ باطنش مجہول است، تا چہ پدید آید و مشارٌ الیہ

۱۔ ایک خط میں میرزا صاحب نے لکھا ہے: "آبست کوئی لفظ نہیں ہے۔ آبستن اصل لفظ اور آبستنی فرید علیہ، یہ دونوں صحیح بلکہ آبستنی زیادہ فصیح۔" (آ)

۲۔ دری کشا: ۲۸، میں آبشتنگاہ کو بفتح با بمعنی خلوتخانہ لکھا ہے۔

چگونہ کسی باشد (نش، ق)

آبکار: مقلوبِ کارِ آب[۱]۔

آبکَش: سَقّا۔ (د)

آب گرفتن: افشردن، فشردن، نچوڑنا۔

آبگیر: بمعنیٔ تالاب۔ (نش، ق)

آبگینہ در جگر شکستن: بمعنیٔ بیقرار کردن۔ (پ)

آبلہ: چھالا۔ (قن)

آبلہ خورد: چیچک رو۔ (د)

آبِ مروارید: د آبِ سیاہ، دو گونہ آبست کہ در چشم فرود می آید و بینائی را زیان دارد۔ و آبِ سیاہ بچشم مخصوص نیست و پای اسپ نیز از ین نام نشان یافتہ اند۔ چنانکہ شاعر در مذمتِ اسپ گوید ع سمش آبِ سیہ آرد قلم دار ۔ د آبِ بخاک آمیختہ را باعتبارِ نہ شستن گوہر آب نیز آبِ سیاہ گویند و فتنہ د آشوب را نیز ازان رو کہ گروہِ طبائع است آبِ سیہ خوانند۔ چنانکہ استاد گوید:

---

[۱] در بی تن : ۹۴، آبکار بر وزن آبیار، سقاد بادہ کارکہ می فروش باشد۔

جہان اگر ہمہ آبِ سیہ گرفت، چہ باک!
چو را ضمیم بیکی نان و آبکِ انگور

آبِ سیاہ در مصرعِ اول بمعنیٔ فتنہ و آشوب و آبکِ انگور
در مصرعِ دوم کنایہ از شراب۔ (فش، ق)

آبمند[1] : سردار، مالدار، صاحبِ سامان۔ آبمندان :
سرداران۔ (د، تغ، فش، ق)

آبی شدنِ کار : بمعنیٔ تباہ شدنِ کار۔ (پ)

آبی کردنِ کار : تباہ کردن۔ کام بگاڑنا۔ (د، تغ)

آتش : بالفِ ممدودہ و تای فوقانیٔ مفتوحہ، آذر، نار، آگ۔ قافیۂ آتش
با دانش ادعائیست نا دل پزیر آری در سالکِ قوافیٔ سرکش و
مشوش ہزار جا دیدہ ایم۔ (فش، ق)

آتش از چشم پریدن : عبارت از حالتی است کہ در وقتِ
رسیدنِ صدمۂ قوی بر دماغ رو بدہد۔ (پ)

آتش برگ : اسمِ سنگ پارہ ایست کہ پُر از شرارہ است (فش، ق)

آتش دان : کانون۔

۱۔ فرہنگ انجمن آرای میں لکھا ہے: "این لغت در فرہنگ نیامدہ و از تصرفات
مؤلف است"۔ دری کشا: ہو، حیں پر وزنِ تاب چند معنی و مغز دنی ہے۔

آتش زنہ: در فارسی دچقماق در ترکی، اسم ازار آہنین است
که چون آنرا بر آتش برگ زنند، شراره ازان سنگ پاره بر دن
جہد۔ (فش، ق)

آجُل: بجیم مضموم، عربی مُجنا دہندی ڈکار۔ و اسم دیگر آرغ۔ (پ، ق)

آختن: بالف ممدودہ، بیرون کشیدن۔ آخت، آختہ۔ این را
مضارع نباشد۔ و آہیختن، و آہیخت و آہیختہ نیز گویند۔
(پ، فش، ن)

آخُرِ خشک: بی واوِ معدولہ و حرکتِ رای قرشت، جای بی نفع و
بی فیض را گویند۔ و آخُرِ چرب، محلِ کثیر النفع را خوانند خشک
آخر و چرب آخر مضاف و مضاف الیہ مقلوب است۔ (فش، ق)

آخرِ روز: آفتاب زردی۔

آداش: بمعنی ہمنام۔ عربی آن سَمِیّ است۔ (پ)

آداک: بمعنی جزیرہ۔ (پ، م)

آدر: بدالِ بی نقطہ، اسم آتش، آنچنانکہ بذالِ منقوطہ زبہا نیست
و و نام ماہ و نام روز که آذر بذالِ بی نویسند، ہمہ زای ہوز
در کار نیست۔ (ر، ع، فش، ق، فن)

۱۔ دری کشا: بہ، بدالِ مہملہ در ای مہملہ در آخر، آتش، بعربی نار۔

آذرگشسب[1] : برق، بجلی۔ (د، فن)

آذرم : بدالِ ابجد، بمدِ زمین را گویند که اسمِ دیگرِ آن کلتوت و در عرفِ اہلِ ہند "کھوگیر" اسمِ اوست۔ در اصل خوگیر نیز فارسی است، اما نہ بدین صورت، بلکہ خوی گیر بواوِ معدولہ و تحتانی، خوی، ترجمۂ عرق، وگیر صیغۂ امر از گرفتن (فت، ق)

آذرنگ : بمعنیٔ رنج و محنت۔ (فش، ق)

آدَه : بالفِ ممدودہ و دالِ ابجد، در فارسی بمعنیٔ نشیمنِ مرغان آید۔ در ہندی بالفِ مفتوحہ و دالِ ثقیلۂ مشددہ گفتہ می شود۔ (فش، ق)

آدیش : در زبانِ پہلوی قدیم لفظی است جداگانہ بمعنیٔ تعلیم و تکریم۔ (فش، ق)

آراستن : آراست، آراستہ، آراید، آرایندہ، آرای، آرائی بمعنی آرایش۔ آرائی میں مصدری تحتانی آگئی ہے (ب، تیغ)

آرامشداد : بسکون شین، انتظام۔ (د)

آرامیدن : آرامید، آرامیدہ، آرامد، آرامندہ، آرام

[1] لغت فرس : ۲۹، بمعنی آتش پرست۔ دری کشا ۱۲، بفتح کافِ فارسی و شین معجمہ وسکونِ زای مہملہ و بای فارسی در آخر، برزنی و نامِ فرشتۂ موکل بر آتش۔

بحیثِ مصدر بحذفِ الف نیز آید۔ وحذفِ الف در مضارع روانیست ۔ (پ)

آرد : آٹا۔ آردِ بریان : سویق، پِشت، ستّو۔ (تن)

آرِش : برای مکسور، بمعنیٔ معنی۔ (آ، د، فش، ق)

آرَنج : بمعنیٔ مِرفَق است کہ آنرا در ہندی کہنی نامند۔ (ق، تن)

آرَنگ : بمعنیٔ ہرگز وزنہار آمدہ۔ (فش)

آروغ : آرُبل، جُشا، ڈکار۔ (ب، تن)

آز : حرص۔ (د، تغ)

آزردن : مصدریست مشہور ہم بمعنیٔ لازمی و ہم بمعنیٔ متعدی وآزارد مضارع، وآزارم از بحیثِ مضارع صیغۂ متکلم آزار امر۔ (خ، فش، ق)

آزردہ شدن از ناز : پشتِ چشم نازک کردن ۔

آزمودن : آزمانا۔ (تن)

آزُور : برِوزنِ ناسور، حریص (د، قط، تغ)

آژخ : عربی ثؤلول د ہندی مَسّا ۔ (پ، تن)

۱۔ میرزا صاحب نے ایک خط میں لکھا ہے کہ "آزار، امر بمعنیٔ اسم جامد آتا ہے، اور اسم جامد 'کردن' سے ساتھ پیوند پاتا ہے۔" (خ)

آژدن: بزای شلثہ ساکن بروزنِ یافتن دبافتن۔ داین را چہار معنی است: بخیہ زدن، وحجامت یعنی خستنِ تن باسترہ دمُجدَّر ساختنِ آسیا سنگ، وکشیدنِ اُتو برجامہ۔۔۔۔ آری ماژدنی ہست کہ آنرا درہند گودھنا گویند بکافِ عجمی مضموم وواوِ معروف ؛ دالِ مختلط التلفظ بہای ہوز۔ وآن خستن تن است بزخمِ سوزن وآگندنِ نیل درآن رخنہ ہا، چنانکہ درہند زنانِ روستا بیشتر بر سینہ وگردن وساعد وبازد این صنعت بکار برند وانواعِ نقوش انگیزند۔۔۔۔ درین مصدر ومشتقات بجای زای فارسی جیمِ عربی نیز نویسند۔ (فش، ق)

آژدَہ: جامۂ اُتو دار وبخیہ کار را گویند، یعنی مفعولِ آژدن۔ (فش، ق)

آژَنہ: بالفِ ممدودہ وزای فارسیٔ مفتوح، درہندی گارہ خوانند۔ (پ، د، تن)

آژَنگ: شکنی کہ بردی افتد، وبہندی جُھرّی گویند (پ، ق، فن)

آژہ: چونا۔ (د)

آژیَنہ: آلۂ خستنِ سنگ وکشیدنِ اُتو، مشتق از آژدن است (فش، ق)

آس : آسیا، چکی۔ (قن)

آسا : صیغۂ امر است از آسودن۔ و آسا بالفِ ممدوده، یعنی جامد غیر متصرف نیز ہست بمعنیٔ مثل و مانند و بمعنیٔ باشاک و دہان دره که آن را در عربی فاژه و در ہندی جمائی گویند و بمعنیٔ تمکین و وقار نیز آید۔ (پ، فن، ق)

آستان پرخاستن : کنایہ از ویرانیٔ خانہ است، چنانکہ خاقانی فرماید : بام بنشست و آستان پرخاست۔ (پ، فن، ق)

آشتر : بالفِ ممدوده، مقابلِ ابره، چنانکہ سعدی فرماید :

۱۔ لغت فرس : ۱۹۰ میں بمعنیٔ "آسیا کردن" متن میں اور بمعنیٔ "آرد نرم باشد زیر سنگ" حاشیے میں لکھا ہے۔ استشہاد میں کسائی کا یہ شعر: "آسمان آسیای گردان است ؛؛ آس مان، آسمان کند ہر مان"، اور لبیبی کا یہ شعر: "دوستا، جای بین و مرد شناس ؛؛ شد نخواہم بآسیای تو آس"، اور معزّی کا یہ شعر: "تا دلِ من آس شد در آسیای عشق تو ؛؛ ہست پنداری، غبارِ آسیا بر سر مرا"، پیش کیے ہیں۔ میری دانست میں ان تینوں میں "آرد نرم" کا مفہوم زیادہ واضح ہے، اس بنا پر صحیح لغتِ فرس کا دوسرے نسخے کو حاشیے میں جگہ دینا مناسب نہیں معلوم ہوتا۔

۲۔ دشنہ کاویانی میں مرزا صاحب نے دوسری جگہ لکھا ہے: "دہان دره و آسا ہمان فاژه است، کہ بہندی جمائی و در عربی تثاؤب و تمطی خوانند"۔ فاژه کی تحقیق حرف فا میں ملاحظہ ہو

قبا داشتی ہر دو رو آستر۔ (فش، ق)

آستین افشاندن: عبارت از ترک و تجرید۔ (پ)

آسمان: چرخ، فلک، چنبرِ واژگونہ گردون۔

آسمان با برو پوشیدن: کنایہ از انکارِ وجودِ بدیہی۔ (پ)

آسمان سوراخ شدن: کنایہ از تواترِ نزولِ بلا۔ (پ)

آسمان غریو: رعد۔ (د)

آسمانہ: سقف، چھت (د، تن)

آسودن: آسود، آسودہ، آساید، آسایندہ، آسای (پ)

آسیا: آس، چکی۔ (تن)

آسیم: در اصل آسام است قلبِ آماس۔ لاجرم ورمِ دماغ را سرآسام گویند و سرسام مخففِ آنست۔ آسیم را ہمان امالۂ آسام توان دانست۔ و آسیمہ سر و سراسیمہ را مرکب از آسیم و سر توان گفت۔ بلکہ در کلامِ قدما تنہا آسیمہ بجای سراسیمہ نیز آمدہ۔ و بجای میم کلمن واو و بجای ہای ہوز نون آوردہ آسیون نیز نوشتہ اند۔ (فش، ق)

آشامیدن: آشامید، آشامیدہ، آشامد، آشامندہ، آشام (پ)

آشفتن: آشفت، آشفتہ، آشوبد، آشوبندہ، آشوب۔ (پ)

آشکار: ظاہر، ہویدا، نمودار۔
آشیانہ: گھونسلا۔ (ق)
آغشتن: بشینِ نقطہ دار و غینِ مکسور، بر وزنِ دانستن[۱]، مصدری است مشہور، در معنی مرادفِ آلودن، بدین قدر تفاوت کہ آلودن عام است، خواہی بچیزی نمناک خواہی بچیز خشک، و آغشتن خاص است، یعنی آلودن بچیز نمناک۔ و آغازد مضارعِ این مصدر است۔ آغشتہ، بغینِ مکسور، مفعولِ آغشتن۔ (فن، ق)
آغوش: کنار، بغل۔ (فن، ق)
آف: گمانِ گردہی آنست کہ آف اسمی است از اسمای نیرِ اعظم، و آفتاب مزید علیہ، چون ماہ و ماہتاب و جم و جمشید۔ اندیشہ این را می پذیرد۔ (فن، ق)
آفتاب: ہُوَر، ایت، نیرِ اعظم، سورج۔ خرشید، شمس۔
آفتاب زردی: بلای ساکن و یای معروف، کنایہ از آخرِ روز است۔ (فن، ق)
آفتاب گردش: بسکونِ بای موحدہ، یعنی از شرق تا غرب (م)،

۱۔ لغتِ فرس: ۴۷۰، میں بضمِ غین لکھ کر فردوسی کا یہ شعر مثال میں پیش کیا ہے: ز ایرانیان من بسی کشتہ ام :. زمین را بخون و گل آغشتہ ام۔

آفریدن: آفرید، آفریده، آفریند، آفریننده، آفرین۔ (پ)
آفرین: لغتی است جامد غیر متصرف، بمعنی تحسین و مرحبا۔ اما آفرین لغتی دیگر است از مشتقاتِ مصدرِ آفریدن بمعنی امر۔ (فش، ق)
آکنده گوش: بکافِ عربی، کسی را می توان گفت که گوشِ او را بزور کنده از بنا گوش جدا کرده باشند۔ (فش، ق)
آگندن: بکافِ فارسی، مصدریست صحیح۔ و آگنده مفعولِ آن۔ و آگند مضارع[1]، و آگنہ، بمعنی حشوِ قبا و حشوِ نہالی، صیغۂ امر است هم ازین مصدر بہای مختفی پیوسته، چون استره و آذینه (پ، فش، ق)
آگنده گوش: بکافِ فارسی بمعنی کر که عربی آن اَصَمّ است، آنست که بطلان در حسِ سامعۂ وی راه یافته باشد۔ (فش، ق)
آگنہ: بمعنی حشوِ قبا و حشوِ نہالی۔ (فش، ق)
آلش: بروزنِ بالش بمعنی عوض چنانکه گویند "فلانی رخت آلش کرد" (پ)
آل تمغا: مرکب است از آل و تمغا۔ آل، مطلق رنگِ سرخ،

1۔ پ میں میرزا صاحب نے یہ لکھا ہے کہ "این را مضارع نباشد"

و تمغا بدو معنی مشہور ست: نخست باجی کہ در راہ ہا از رہگذران گیرند، دوم مُہر۔ ودر آلتمغا معنیٔ دومی منظور ست۔ در دفتر تاجدارانِ تیموریہ بہ نامہائی کہ بہ تاجدارانِ دگر می نوشتند، دیر اسنادِ جاگیر کہ بمردم می بخشیدند، مہرِ شنگرف میزدند، و آنرا آلتمغا می گفتند، یعنی مہرِ سُرخ۔ تنہا مہر را تمغا گویند، نہ آلتمغا۔ (فن، ق)

آلودن: آغشتن۔ مصدر ست۔ آلود، آلودہ، وآلاید مضارع، آلایدہ و آلای امر، ومیالای نہی۔ ومخفف میالای، مالای (پ، فن، ق)

آلہ: افزار۔ جمع آلات۔

آمادہ: لغتِ دیگر ست جامد غیر متصرف بمعنی با مہیا متحد یا بدل آمودہ است۔ ما خود آن را لغتی دیگر گمان می کنیم۔ واگر ہمان مبدل منہ آمودہ است بمعنیٔ مہیا، ہما نا خواہد بود (فن، ق)

آمادۂ گریز شدن: دامن بدندان گرفتن۔

آمدن: آنا۔ آمد، آمدہ، آید، آیندہ، آی۔ (پ، قن)

آموختن: ہم لازمی و ہم متعدی است۔ آموخت۔ آموختہ آموزد، آموزندہ، آموز، (پ)

آمودن: مصدر ست ترجمۂ اندراج عموماً و بمعنیٔ گہر در رشتہ کشیدن خصوصاً۔ آمود ماضی و آمودہ مفعول و آماید مضارع و آمایندہ فاعل و آمای امر۔ (پ، فش، ق)
آمیغ[1]: حقیقت (د، تغ)
آمیغی: بفتحۂ الف و کسرِ میم و یای معروف، بمعنیٔ حقیقی۔ (آ، پ)
آنت: بمعنیٔ خہی و زہی۔ (پ)
آواز: فارسی، عربی صدا۔ (فش، ق)
آوازِ اسپ: صہیل، شیہہ۔
آوازِ خوش: دستان۔
آوازِ ہولناک: صیحہ۔
آوَخ[2]: بمعنیٔ افسوس۔ (پ)
آوردن: لانا۔ (قن) آورد، آوردہ، آرد، آرندہ، آر۔ نہفتہ مباد کہ مضارع ہا و بحثی کہ متعلق با اوست، باضافۂ

۱۔ دری کشا: ۶، تحتانی مجہول و غینِ معجمہ، حقیقت مقابلِ مجاز، و آمیغی بیای نسبت در آخر، حقیقی مقابلِ مجازی۔
۲۔ دری کشا: ۶، بفتحۂ واو و سکونِ خاء معجمہ، آہ و افسوس۔

واو نیز آید، آوَرد بحرکتِ را، آورنده، آور۔ (پ)

آوَند: ترجمۂ ظرف است مطلق برتن۔ (د، فش، تغ، ق)

آوَنگسا: بمعنیٔ ریسمانِ خوشۂ انگور۔ و ریسمان کہ بسقف آویزند و چھینکا در ہندی خوانند۔ (پ، تش، ق، قن)

آوَنگان: یعنی سرنگون۔ (م)

آویزہ: پیرایہ ایست کہ در نرمۂ گوش سوراخ کنند و آن پیرایہ را دران اندازند تا آویزان باشد۔ اما آویزہ خصوصیت بگوش ندارد کہ در کلاہ و تاج و تخت و چتر نیز استعمال یابد۔ (فش، ق)

آہن: حدید، لوہا، (قن)

آہنِ سرد کوفتن: اشارہ بتقدیم کاری ناسودمند۔ (پ)

آہُو: عیب، ہرن۔ (د، قن)

آہیختن: آختن، بیرون کشیدن، آہیخت، آہیختہ۔ (پ)

آئینہ: آرسی۔ (قن)

آئینہ دار: آنرا گویند کہ آینہ و شانہ در تحویلِ وی باشد، و چون خواجہ دست و رو شوید، شانہ و آینہ پیش نہد، تا خواجہ روی را نگرد و موی را شانہ زند۔ (فش، ق)

۱۔ لغت فرس: ۱۰۴، میں کوزۂ آب اور برہان دو معنی لکھے ہیں۔

ا

ا: درابتدای کلمه افادهٔ معنیٔ نفی کند چنانکه "جنبان" بمعنیٔ متحرک و "اجنبان" بمعنیٔ ساکن۔ و این الف در حرکت پیروِ حرفِ مابعدِ خود نباشد و پیوسته مفتوح بود۔ و بعدِ صیغهٔ امر تنها الف افادهٔ معنیٔ فاعلیت کند، مانندِ گویا و بینا و دانا۔ الفی که در وسطِ صیغهٔ مضارع آرند، دعائیہ است، و الفی که در آخرِ صیغهٔ مضارع آرند، زائد۔ (فش، ق)

اَبَد: انجامِ جاوید پیوند۔

اَبْدَال: در عربی جمعِ بدل است۔ (فش، ق)

اَبْر: بدلی۔ (قن)

اَبَر: بفتحتین، ترجمهٔ "علیٰ" و فرید علیہ "بر" مشہور است۔ (فش، ق)

اِبرام در طلبِ چیزی: مکاس ۔ وکیس، امالۂ آن ۔
آبکار: مخففِ آبکار ۔
آپگندن: افگندن ۔
اَثاثُ البَیت: کاچار، کاچال، متاعِ خانہ، اسبابِ خانہ ۔
اَثیر: بثای مثلثہ و رای بی نقطہ بروزنِ اسیر، در عربی اسم کرۂ نار است ۔ (فش، ق)
اُجاغ: دیگدان، چولھا ۔ (قن)
اَجداد: نیاگان ۔
اُجُنبان: مرادفِ ناجنبندہ، بمعنیٔ ساکن ۔ (فش، ق)
اِحتیاج: نیاز ۔
اَحمق: نادان، اوُت ۔ (قن)
اختر: تارہ ۔ (قن)
اخترِ روز: آفتاب ۔ (نش، ق)
اِختلاط: لابہ، لاغ ۔
اخگر: انگارہ ۔ (قن)
آخلگندہ: جھنجھنا ۔ (قن، دہلی اردو اخبار، شمارہ ۱۴ ج ۵ بابت اپریل ۱۸۵۳ع)

اَخْواستی : ترجمۂ غیرارادی۔ (خش، ق)

ادب آموز : یعنی استاد۔ (آ)

ارادی : خواستی۔

اَژْتَنگ : بمعنیٔ مرقعِ تصویرست مطلق[1]۔ مگر چون آن را بسوی مانَی مضاف گردانند، اژتنگِ مانَی و ارتنگِ مانوی خوانند بکسرۂ کافِ فارسی۔ (پ، ق، م)

اَرْج : بمعنیٔ قدر و قیمت آید۔ و بہا مرادفِ آنست۔ و ارزش نیز ہم چنین۔ (پ، فش، ق)

اَرْجمند : بمعنیٔ صاحبِ رتبہ، چہ "مند" افادہ بمعنیٔ صاحبی می کند۔ (فش، ق)

اُردی بہشت : مدتِ ماندنِ آفتاب در ثور۔ (د)

اَرْز : صیغۂ امراست از ارزیدن، و مثلِ سوز و ساز افادۂ معنیٔ مصدری می کند۔ و چون مابعدِ آن شینِ نقطہ دار آرند، معنیٔ حاصلِ مصدر می دہد، چون سوزش و سازش و "ارج" بدلِ ارز است۔ (فش، ق)

---

[1] لغت فرس: ۲۱۱، میں لکھا ہے کہ مانی کے مرقعِ تصاویر کا نام ہے اور دری میں یہی ایک لفظ ہے جس میں حرفِ ثا دیکھا گیا ہے۔ یعنی صاحبِ لغتِ فرس کے نزدیک یہ لفظ ارتنگ کی جگہ اثنگ ہے۔

آرزانش: بروزنِ ہردانش، خیرات و ایثار، خیر خیرات۔
(تیغ، د، فش، ق)

آرزانی: محتاج و خیرات خوار۔ (تیغ)

آرزن: قسمتی از غلہ۔ (د)

آرزیدن: ارزید، ارزیدہ، ارزد، ارزندہ، ارز۔ (پ)

آرزیز: رانگ۔ (خن)

آرژنگ: بزای فارسی، اسم است و سہ مسمی دارد کہ ہر سہ در ازمنۂ مختلفہ سَمیِّ یک دیگر بودہ اند۔ نخست دیوی کہ رستم آن را کشت۔ دوم گردی کہ طوس آن را کشت۔ سہ دیگر نقاشی کہ ، ہمچون مانی و بہزاد ، درین فن صاحبِ دستگاہ و نام آور بود، چنانکہ مولانا نظامی گنجوی، علیہ الرحمۃ، در شیرین و خسرو از زبانِ شیرین فرماید:

بقصرِ دولتم مانی و ارژنگ طرازِ سحر می بستند بر سنگ
(پ، فش، ق)

آرض: مرز، زمین۔ (خن)

آرضہ: خورہ، اسم کرمی است۔

آرغنون: بغینِ مفتوح۔ اور مخفف اس کا "ارغن" اور مبدل منہ

"ارگن" ہے۔ (آ، خ)

اَژک: بالفِ مفتوح بر وزنِ درک، قلعۂ کہ درمیانِ حصار باشد، قلعۂ کوچکی کہ درمیانِ قلعہ باشد، قلعۂ درونِ حصار۔
(پ، د، تغ)

اَژمغان: بمعنیٔ سوغات (پ)

اَرِنی: "رے" کی سکون و حرکت کے باب میں قولِ فیصل یہی ہے۔ ... اگر تقطیعِ شعر مساعدت کر جائے اور "ارنی" بر وزنِ چمنی گنجایش پائے، تو نعم الاتفاق۔ ورنہ قاعدۂ تصرف مقتضیٔ جواز ہے۔ (عس)

اَژوَند: بفتحِ الف، و "الوند" بلام نیز، نامِ کوہی است[1]۔ و نامِ دریائی نیز۔ و بضمۂ الف خلاصہ و زبدہ و بسیط را گویند کہ مقابلِ مرکب است۔

دساسانِ پنجم مترجمِ دساتیر، "اُژوند" را بمعنیٔ چیزی آوردہ است کہ ہیچ چیز از خارج داخلِ آن نتواند شد[2]۔ آموزگارِ ہرمزد، ثم عبدالصمد، گاہ گاہ در مکاتباتِ خود "اروند بندہ" نوشتی

1۔ لغتِ فرس: ۷۸، بمعنیٔ رود دجلہ، و ۱۰۰، بمعنیٔ مجربہ۔ دری کشا: ۸، بضم الف۔

2۔ "ترجمہ ہندی زبان میں "ٹھوس" کا لفظ ہوتا ہے۔ عربی میں ان معنوں کا لفظ "صمد" ہے"۔ تیغِ تیز۔

چون پدرِ وہش رفت، فرمود کہ" اروندبندہ" مضاف و مضاف الیہ مقلوب است، یعنی بندۂ اروند، بندۂ، ترجمۂ 'عبد' و 'اروند' ترجمۂ 'صمد'۔ و نیز می فرمودند کہ چون طبائعِ لطیف استعارہ را دوست دارند، 'اروند' را کہ اسمِ کوہی است، بمعنیٔ تمکین و وقار و شان و شوکت نیز آرند۔ (فش، ق)

ازپڑکار افتادن: بمعنیٔ رفتنِ انتظام و باطل شدنِ ترکیب (پ)

اَژْدَر: بمعنیٔ لائق۔ (بر)

اَژْلاد: بفتحۂ الف، ہرگز۔ (د، تغ)

اَژْدَر: اژدہا۔ (د)

اَژدرشِکر: بشینِ مکسور و کافِ مفتوح، شکار کنندۂ اژدہا (د، تظ، تغ)

اُشبوع: ہفتہ، آٹھوارہ۔

اسپ: گھوڑا۔ (تن)

اسپ سواری: ہیون۔

اِسپہبد و سپہبد: بحذفِ الف، سردارِ سپاہ را گویند۔ و مجازاً

نفسِ ناطقہ را نیز نامند[1]۔ (پ)

اِسْپِید: سپید[2]۔ (ینغ)

اُسْتُخوان: ہڈی۔ (قن)

اُشْتُر: حاشا کہ نام دابۂ مشہورہ 'اشتر' بفتحتین باشد۔ آن اُشتُر است بہر دو ضمہ بر وزنِ 'پُر دُر'۔ 'دُستُر' مخفف آن دستور مزید علیہ، چنانکہ سعدی راست:

آن شنیدستی کہ وقتی تاجری | در بیابانی بیفتاد از ستور
گفت: "چشمِ تنگِ دنیادار را | یا قناعت پر کند، یا خاکِ گور"

(ش، ق)

۱۔ میرزا صاحب نے اس لفظ کو ہر جگہ 'اسپہبُد' بضمِ با، لکھا ہے۔ دری کشا: ۹، اُن کی حمایت کرتی ہے۔ لیکن جیسا کہ فرہنگِ انجمن آرای ناصری میں تصریح کی ہے، 'بَد' بفتح با کے معنی دارندہ اور صاحب ہیں۔ اور سپہبد وغیرہ کے آخر میں یہی لفظ واقع ہے، اسی لیے بفتح با پڑھنا چاہیے۔ فردوسی کہتا ہے: چو بر داشت پردہ ز در ہیربد ٭ میاوش ہمی بوتر سان زبد۔ لغت فرس: ۱۰۰۔

۲۔ میرزا صاحب فرماتے ہیں: "اصل اس کی یہ ہے کہ سپید شکم دو لغتِ جامد ہیں۔ ان پر الفِ وصل لاتے ہیں، چاہو کہیں، یعنی اشکم و اسپید کو لغتِ اصلی اور شکم و سپید کو مخفف کہو۔" (ینغ)

اُشتُردن : بہمزۂ مضمومہ و تای فوقانی مضموم، زنِ عقیمہ یا نجہ (فش، ق، تن)
اُشتُرہ : آلۂ حجامت۔ (فش، ق)
اِستِعذار : پوزش، پزش
استغاثہ : داد خواہی، جامۂ کاغذی پوشیدن، مشعل بکف گرفتن۔
استفادہ : درپسِ زانو نشستن۔
استقبال : پزیرہ۔
اَشتہ : بروزنِ دستہ، بمعنیٔ تخمِ برخی از میوہ۔ و آن خود مبدل منہ 'خستہ'، است۔ و آن را چنانکہ 'استہ' گویند، 'ہستہ' نیز خوانند۔ (فش، ق)
استہزا : فسوس، کلاغ گرفتن۔
اِسفَندارمُزد و اسفندارمز : ہم نامِ ماہست، و ہم نامِ روز، و ہم نامِ سردش۔ (فش، ق)
اُسلُوب : سان، طرز۔
اسم : نام (تن)
اُشتُر : اونٹ۔ (تن)
اُشتُلم : بضمۂ الف و ضمۂ تا و ضمۂ لام، شدت۔ (د، تغ)

اشتیاق: شاد خواست، خواہش۔
اُشغُر: بوزنِ اُشتُر، اسم جانوری است خار دار کہ بہندی "سیہہ" گویند۔ (پ، قن)
اِشکم: شکم۔ (تیغ)
اَشکوب: بوزنِ اَجمُود، عبارت از درجۂ عمارت۔ (پ)
اِشگرف: شِگرف، نادر، عجیب۔
اِصطِکاک: بمعنیٔ آوازِ گشودنِ در (آ)
اَصَمّ: آگندہ گوش۔
اِطاعت: سر نہادن، گردن نہادن۔
اِعتراض کردن بر کلام: انگشت بحرف نہادن۔
اِعتراف: خط دادن، اقرار۔
اِعتکاف: گوشے میں بیٹھنا۔ (قن)
اَعَمّ: بتشدید لفظِ عربی۔ (آ، خ)
اُفتد: واقع شود۔ (آ، خ)
اَفدَستائی[1]: یعنی نمایش۔ (م)

۱۔ لغت فرس: ۵، میں "افدستا" کو بسکونِ فا و دال و کسرِ سین لکھ کر بتایا ہے کہ یہ پہلوی لفظ ہے جو "افد" بمعنی شگفت اور "ستا" بمعنیٔ ستایش سے مرکب ہے۔

افراختن : افراخت، افراختہ۔ بجای خا، شین نیز آید، یعنی افراشتن
افراشت، افراشتہ۔ بحثِ مضارع در ہر دو صورت افرازد،
افرازندہ، افراز، سراسر بحث بحذف الف نیز مسموع
است۔ (پ)

افراز : بتقدیم رای بی نقطہ، صیغۂ امر است از افراشتن۔ (فش،ق)

اِفراطِ زحمت و رنج : در آب و آتش بودن۔

افروختن : افروخت، افروختہ، افروزد، افروزندہ، افروز۔
بحثِ مضارع بحذفِ الف نیز آید۔ لیکن در بحثِ مصدر
حذفِ الف نتوان کرد، چہ اندران صورت افروختن و
افروخت، فروختن و فروخت می گردد، و آن بحثی است
جداگانہ بمعنیٔ جداگانہ۔ (پ)

افروختنِ چراغ : برکردنِ چراغ۔

افزا : صیغۂ امر است از فزودن۔ (فش، ق)

افزار : بتقدیم زای نقطہ دار، در عرفِ ہند اوزار گویند، بمعنیٔ
آلہ کہ جمع آن آلات است۔ (د، فش، ق)

افزودن : افزود، افزودہ، افزاید، افزای۔ سراسر بحث
بحذفِ الف نیز جائز۔ (پ)

اَفْسار: بمعنۂ پوزی۔ (آ، بر، خ، د، س، فن، م)
اَفْسَر: تاج۔ (آ، خ، د)
اَفْسُردن: افسرد، افسردہ، نژند، افسرِد، بحرکتِ را۔ فاعل وامر مسموع نیست۔ واین بمعنٔ بحذفِ الف نیز می آید۔ (پ)
افسوس: بالفِ مفتوح وواوِ مجہول، در فارسی بمعنۂ حسرت وحیف ومرادفِ دریغ است۔ (فش، ق)
اَفْشار: نامِ قومی است از مغولِ ایرانیہ۔ تجرمثلہا۔ (فش، ق)
اَفْشُردن وفشردن: بیش از سہ معنی ندارد۔ یکی از جامۂ نمناک یا از میوۂ تازہ آب گرفتن، ہندیٔ آن نچوڑنا۔ دوم بزور در آغوش گرفتن یا بہ شکنجہ کشیدن، ہندیٔ آن بھینچنا۔ سہ دیگر چون با قدم یا با پای استعمال کنند، معنۂ استوار کردن دہد، ہندیٔ آن گاڑھنا۔ افشرد، افشردہ، افشرد بحرکتِ را مضارع ونیز باضافۂ الف، یعنی افشارد۔ وفاعل وامر ازین مضارع استخراج نمایند، افشارندہ، افشار سراسر این بحث بحذفِ الف نیز آید۔ (پ، فش، ق)
افطار: روزہ کھولنا۔
اُفقِ شرقی: کنارۂ خاوری۔

افکندن: بفتحۂ ہمزہ و فتحۂ کافِ عربی، مصدری است پارسی و آن را "اپکندن" نیز نویسند و مبدلِ آن "اوکندن" است بلکہ "اوژندن" نیز، چنانکہ "شیر افکن" را "شیر اوژن" نویسند۔ در صورتِ اول مضارع "افکند" خواہد آمد و باز اوکند و اپکند و اوژند ہر چہار بحرکتِ اول و ثالث۔ افکند، افکندہ، افکند بحرکتِ نون، افکنندہ، افکن، سراسر بحذفِ الف نیز مسموع۔ (پ، فش، ق)

اقامت: آبخوردہ۔

اقرار: خط دادن، اعتراف کردن۔

اَکَدِش: بالف و دالِ مکسور، دو تخمہ، خواہی انسان و خواہی اسپ کہ آن را مُخَنَّس گویند، آن کہ پدرش از قومِ دیگر باشد و مادرش از قومِ دیگر۔ (پ، فش، ق)

اُلاغ: خر، گدھا۔ (فش)

اَنجال: ہمیدن۔

اَنْغُخْتَن: بفتحۂ الف و ضمۂ فا[1]، بوزنِ افشردن، مرادفِ اندوختن

۱۔ لغتِ فرس: ۳۰۷، میں بفتحِ فا لکھ کر رودکی کا جو شعر مثال میں پیش کیا ہے اُس میں بخت اور سخت قافیے میں، نیز لغتِ الفغدہ بمعنیٔ اندوختہ کو بھی بفتحِ فا ہی لکھا ہے: ۳۳۴۔ دراصل یہ بھی الفغدہ ہی کا ایک لہجہ ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسدی کے نزدیک ضمۂ فا کی جگہ فتحہ یا ہے۔

جمع کرنا۔ الفخت، الفختہ یعنی اندوختہ، الفخد بفای مفتوح، الفخم بمعنیٔ اندوزم، الفخندہ، الفخ۔ معلوم باد کہ از الفخد کہ مضارع است، الفخیدن پدید می آید (بہ، د، تغ، فش، ق، م)

الفِ صیقل: عبارت ازان خطِ مستطیل است کہ ہنگامِ زدودنِ آیینۂ فولادی بر سطحِ آیینہ پدید آید[1]۔ (م)

اَلَنگ: بفتحۂ ہمزہ و فتحۂ لام، اسم دیواری است کہ ردیدہٴی لشکر کشند۔ و در ہندی قریب بدین معنی۔ (فش، ق)

امام: پیرہ دستور، پیشوای دین۔ (قن)

اُمَّت: پرسانِ نبی۔

امروز: آج۔ (قن)

اَمشاسپند: بمعنیٔ فرشتۂ رحمت۔ (پ)

امبد: آس۔ (قن)

اَمبَر: مرادف نامیرندہ۔ و در ہندی نامیرندہ را امر، بفتحتین گویند۔ (فش، ق)

اَنباشتن: مصدرِ اصلی است، و انبارد مضارع و انبار امر۔ (فش، ق)

۱۔ میرزا صاحب فرماتے ہیں: "فولاد کی جس چیز کو صیقل کرو گے، بے شبہہ پہلے ایک لکیر پڑے گی۔ اس کو الفِ صیقل کہتے ہیں" (آ، خ، ع)

انباغ : بفتحۂ الف، بمعنیٔ دو زن کہ یک شوہر داشتہ باشند۔ و آن را بہندی سوت و سوکن نامند۔ (پ، تن، م)

انبان : بفتحہ، گون یا بورا۔ (د، تغ)

انبر : بوزنِ قنبر[1]، افزاری کہ آتش بدان کشند، و آن را "دسپنا" نامند۔ (پ، فن)

انبساط : لابہ، لاغ۔

انبوبہ : بوزنِ منصوبہ، لولہ را نامند کہ ہندیؑ آن ٹونٹی است (پ)

انبودن : مصدریست بدالِ بی نقطہ[2] بر وزنِ افزودن، بمعنیٔ بہم آوردن و بر وی ہم نہادن ۔ ع : باغبانی بنفشہ می انبود۔

۱۔ لغتِ فرس: ۱۳۸، اور انجمن آرای ناصری میں "انبر" کو بفتحِ اول وضمِ ثالث وسکونِ ثانی لکھا ہے۔ خود میرزا صاحب نے بھی قادر نامے میں انبر کا مزید علیہ انبوبہ درج کیا ہے، جو اس کا ثبوت ہے کہ انبر کی با مضموم ہے اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ یہاں انبر کو بوزنِ قنبر لکھنے میں سہو ہوا۔

۲۔ میرزا صاحب کو اس لفظ کے بذالِ منقوطہ اور بمعنیٔ آفرینش ہونے سے انکار ہے، حالانکہ لغتِ فرس: ۳۹۲ میں بمعنیٔ آفرینش لکھ کر رودکی کا یہ شعر سند میں پیش کیا ہے:

بودنت در خاک باشد، یا فتی: ہمچنان کز خاک بود انبوذنت

یعنی گلہای بنفشہ می چید و بردی ہم می نہاد۔ (فش، ق)
اَنبُور: اُنبر، دسپنا۔ (فن)
اَنبہ: آم۔ (تن)
انتظام: آرامشداد۔
انتظاری: بمعنی انتظار[1]۔ (عس)
انجام جاوید پیوند: ترجمۂ ابد۔ (م)
انجام گزارش: زجام۔
انداختن: ڈالنا۔ (تن)
اندام: بنون لغتِ فارسی است۔ (فش، ق)
اندراج: آمودن۔
اَندَرز: پند، نصیحت۔ (تن)
اَفدَرزوا: بمعنی سرنگون۔ و "دروا" نیز مستعمل است۔ (پ)[2]
اندک: کم۔ اور اندک کا لفظ بھی اس معنی (یعنی سلبِ کلی) میں آتا ہے، بقولِ نظامی:

۱- میرزا صاحب نے یہ بھی لکھا ہے کہ "انتظاری بمعنی انتظار اساتذہ کے ہاں فارسی میں موجود ہے"۔
۲- دری کشا: ۱۰، بفتح اول و سوم۔

پس و پیش چون آفتابم یکی ست   فرّ ِ غم فراوان، فریب اندکی ست
یعنی فریب بالکل نہیں، نہ یہ کہ کچھ ہے۔ (قن، ن)
اندوختن: الفختن، جمع کرنا۔ اندوخت، اندوختہ، اندوزد،
اندوزندہ، اندوز۔ (پ، د، ق، قش)
اندوختی: توختی۔
اندودن: اندود، اندودہ، انداید، اندایندہ، اندای۔ (پ)
اَندی: بالفِ مفتوح و دالِ مکسور، مرادفِ چندی[1]، عددِ مجہول را گویند۔ (د۔م)
اندیشیدن: سگالیدن۔
انقلاب: چادر گردش، تغیرِ حال۔
انکارِ وجودِ بدیہی: آسمان باپرو پوشیدن۔
انگارہ: بمعنیٔ نقشِ ناتمام است کہ این را دگردہ، بلفتہ ؤ بیرنگ نیز گویند۔ و خاکا ہندیٔ آنست۔ دیگر ہر آہن و سنگ و چوب را کہ ہیئتِ خاص نداشتہ باشد و ہر پیکری کہ خواہند ازان تواند ساخت، انگارہ نامند۔ متاخرین کہ استعارہ شیوۂ ایشانست ذکر گفتنِ سرگزشت را نیز انگارہ

۱۔ دستنبو میں ہے: "اندی بروزنِ چندی عددِ مجہول"

کردنِ سرگزشت، گفتہ اند دنا تمام گزاشتنِ گفتار و کردار را انگارہ گزاشتنِ آن قول و فعل، نوشتہ اند۔ (پ، د، فش، ق، م)

انگبین : شہد، عسل۔ (آ، قن)

انگشت بحرف نہادن : بمعنیٔ اعتراض کردن بر کلام۔ (پ)

انگشتری : خاتم[1]۔ (آ)

انگوزہ : ہینگ۔ (قن)

انگیختن : انگیخت، انگیختہ، انگیزد، انگیزندہ۔ انگیز۔ (پ)

اَدار : اوارچہ کہ مزید علیہ اوست، لفظی ست غیر متصرف بمعنیٔ دفترِ حساب۔ (فش، ق)

اَوباریدن : ناخائیدہ فرو بردن۔ اوبار صیغۂ امر، و در آخر تحتانی (اوباری) مثلہ۔ (مک)

اَوْدَر : بہرد و فتحہ، بمعنیٔ عم، یعنی برادرِ پدر، چچا۔ (د، م)

اَوْرَگ : بالفِ مفتوح بواو پیوستہ و رای مفتوح بکافِ فارسی زدہ، بمعنیٔ ریسمانی کہ آن را بسقف یا شاخِ درخت بندند۔ و بیاران گزارند و بہوا آیند و روند۔ و بہندی جھولا نامند۔ (پ)

۱۔ میرزا صاحب نے یہ بھی لکھا ہے کہ "خاتم بمعنیٔ نگین غلط" (آ)

اُوزُمُزد: دُازمُزد و ہُرمزد و ہُرمز، ہر چہار لفظ بزای ہوز اسم مشتریست کہ کوکبِ علم است۔ (فش، ق)

اَوَرَند: قلبِ اَرَوندست کہ بفتحۂ نختتین و سوہین می آید و رای قرشت بلام مبدل می گردد۔ وچنانکہ بیش ازین نوشتیم استعارۂ فرو شوکت و وقار و عظمت نیز دارد۔ (فش، ق)

اَوَرَنگ: بہ در آمدنِ رای قرشت درمیانِ واو و نون بمعنیٔ تخت[1]۔ (فش، ق)

اوژندن: افکندن۔ اوکندن مبدل منہ افکندن۔

اوفتادن: اوفتاد، اوفتادہ، اوفتد، اوفت فاعل این نیز مسموع نیست۔ ہمانا وجہش این بودہ باشد کہ اوفتادن فعل اضطراریست نہ اختیاری۔ دیگر باید دانست کہ این بحث بحذفِ واو نیز آید، یعنی افتادن بلکہ بحذفِ الف نیز رواست یعنی فتادن۔ (پ)

ا۔ میرزا صاحب فرماتے ہیں: "تخت اور اورنگ سلاطین کے جلوس کے واسطے اور وسادہ و مسند امرا کے جلوس کے واسطے موضوع ہے۔ منظر اس اصل پر سلطان کو 'زیب افزای اورنگ' بی اضافۂ لفظِ سلطنت، اور امیر کو 'زینت کشِ مسند' بے افزایشِ لفظِ امارت لکھو۔" (نامۂ غالب شاملِ عودِ ہندی)

افیرزہ : ناپاک را گویند۔ (فش، ق)

ای : حرفِ ندا۔ (ح)

ایبک : بہمزۂ مفتوح و موحدۂ مفتوح، قوی از اقوامِ ترکسا۔ (کم)

ایبت : بروزنِ زیت، در ہر دو زبان اسمِ آفتاب۔ (فش، ق)

ایثار : ارزانش۔

ایستادن : و استادن و ستادن، بمعنیٔ قیام آمدہ است۔ و چون مصدر بسہ صورت است، ہر آینہ مضارع نیز سہ صورت دارد، ایستد، استد و ستد، بسینِ مکسور و تای مفتوح۔ و حالِ مشتقاتِ دیگر نیز ہمچنین۔ (پ، فش، ق)

ایطا : وہ قافیہ ہے کہ جو دو حرف ایک صورت کے ہوں، جیسے الفِ فاعل گویا و بینا و شنوا، اور نون دالِ مضارع جیسے بزنند و بشکنند، اور الف نون حالیہ کا مانندِ گریان و خندان پس اگر یہ مطلع میں آ پڑے تو ایطای جلی ہے اور اگر غزل یا قصیدے میں بطریقِ تکرارِ قافیہ ہو، تو ایطای خفی ہے۔ (ن)

ائگشبیہ : بالفِ مکسور و یای مجہول و کافِ عربی مضموم بمعنیٔ بزرگ و جاہمند۔ (فش، ق)

ایل : بالفِ مکسور و یای مجہول، در زبانِ مغلی گروہ را گویند، و بمعنیٔ مطیع نیز آرند (فش، ق)

ایلچی : وَخشُور۔

اینت: بالفِ مکسور، بیای تحتانی و نون و تای فوقانی زدہ، بمعنی مرحبا و زہی۔ (بر، پ، س، م، ک، دہلی اردو اخبار شمارہ ۱۴ جلد ۱۵ بابت ۳ ماہِ اپریل ۱۸۵۳ء)

اَیوار: بفتحِ الف[1]، بمعنی سفرِ روز۔ (بر، پ، د)

اَیوان: دالان بدال در ہندی ترجمۂ ایوانست (فش، ق)

۱۔ انجمن آرا میں اس لفظ کو بروزن دیوار لکھا ہے۔ یہی رائے صاحب دری کشا کی ہے۔ اُس نے معنی میں یہ لکھا ہے کہ "وقتِ عصر مقابلِ شبگیر کہ بمعنی صبح است"

ب

ب: موحدہ 'علیٰ' کے معنی بھی دیتی ہے، پس جو کچھ 'بر' سے مراد تھی، وہ بای موحدہ سے حاصل ہو گئی۔ اور اگر بای موحدہ کے معنی معیت کے لیں، تو بھی درست ہے۔ (آ، خ)

باب: در۔

باج: ساو، خراج۔

باختر: بمعنیٔ مغرب۔ (ذوالفقار، م)

باختن: کھیلنا۔ باخت، باختہ، بازد، بازندہ، باز۔ (پ، قن)

باخرس درجوال شدن: عبارت ہے صحبت سے، خواہی مداہنت کے واسطے ہو، خواہی محبت سے۔ (ع س)

باخہ: اسمِ کشف۔ و آنرا سنگ پشت نیز گویند کچھوا (پ، قن)

باد: باو۔ (قن)

باذافراہ: و بادافرہ، سزای کردارِ بد۔ (بر، د، م)

بادِ برین: بحرکت دال، پچھوا ہوا۔ (د، وتیغ)

بادپران: در معنی مرادفِ بادخوان و بادفرِ شست، یعنی مردم ستای و خوشامد گوی۔ فرق درین سہ لفظ جز اینقدر نیست که بادخوان و بادفردش آنرا خوانند که ستایش و خوشامد پیشۂ خویش کند و جز این، ہنری نداشته باشد۔ و آنرا در ہندی بھاٹ گویند۔ و بادپران آنرا نامند که ستایش آیینِ وی باشد، نه پیشه۔ چنانکه ندیمان امیران را شاید۔ و تشدیدِ رای مہمله درین لفظ نه ضروریست نه ممنوع، بلکه بتخفیف افصح است۔ ظہوری فرماید:

در کوی تو پرواز کنان بلبل و قمری
گل، بادپران، سرو، ہوادار ندارد

(فش، ق)

بادفره: و بادفره اسم چیزی مدور که ریسمانی دران انداخته بگردانند۔ و ہندئی آن پھرکی است۔ (بہ، قن)

بادنجان: بیگن۔ (قن)

بار: دخل۔ (د)

بارگاه: خرگاه، حضرت۔ (د، س، فش، ق)

بارنامہ: رونق۔ (پ، د)
بارو: فصیل۔ (د، م)
بارہ: قلعہ۔ (ش، د، م، قن)
باز: پھر، کھلا۔ باز باوجودِ معانیٔ دیگر افادۂ معنیٔ مدت نیز می کند، چنانکہ از دیر باز داز کودکی باز وازان باز۔ (آ، فش، ق، قن)
باس: در لسانین مشترکست۔ بزبانِ دری اشارہ بماضیٔ بعید، ودر عرفِ اہلِ ہند ایما بماضیٔ قریب، چنانکہ آب و نانِ دینہ و دوشینہ را باسی خوانند۔ دیگر باس در ہندی بمعنیٔ سکونت ست و در فارسی باش و باشندہ دبو د و باش نویسند دگویند۔ و تبدلِ شینِ منقوطہ بسینِ بی نقطہ در ہر دو زبان دستور است۔ (فش، ق)
باشتان: ببائی موحدہ، قدیم۔ (د)
باشنگ: آسا، دہان درہ، فاژہ، جمائی۔
باطل شدنِ ترکیب: از پرکار افتادن۔
باطل کردن: خط کشیدن، قلم کشیدن، محو کردن۔
بافتن: بافت، بافد، بافندہ، بات۔ بافندہ، جولاہ، جرد، حائک، جولاہہ۔ (ربا، فش، ق)
بالا: ہم قامت را گویند و ہم رفیع را و ہم افادۂ معنیٔ مقدار کند

در بلندی، چون نیزہ بالا و بیل بالا۔ (فش، ق)

بالاخوانی: خود را افزون تر از اندازہ ستودن۔ (پ)

بالان: بموحدہ در فارسی مرادفِ آستان و والان بواو مبدل منہ آن۔ (فش)

بالش: تکیہ۔ (خ، قن)

بالکانہ: تابدان[1]۔ (پ)

بالیدن: بالید، بالیدہ، بالا، بالندہ، بال (پ)

بام: کوٹھا۔ (قن)

بانگ: آواز۔ (قن)

بانو: بموحدہ والف و نونِ مضموم و واوِ مجہول، مرادفِ خاتون است در فارسی، و بنّو بحذفِ الف و تشدیدِ نون در ہندی۔ (فش، ق)

باہو[2]: چوبدستی را گویند کہ شبانان دارند۔ (فش)

بایستن: بایست، بایستہ، باید مضارع۔ این را فاعل و امر

۱۔ لغتِ فرس: ۴۲۲ "بالکانہ دری کوچک بود در دیوار کہ از پنہان بیرون نگرند۔ و بود نیز کہ مشبک باشد۔"

۲۔ غالب نے اس لفظ کو غلطی سے ماہو بالمیم لکھدیا ہے۔

نباشد۔ (پ)
بپای: صیغۂ امر ست از پائیدن با ضافۂ بای زائدہ۔ (فش، ق)
بپکن: مبدلِ بفکن است کہ آن صیغۂ امر ست از فکندن
بای موحدہ از زوائد است۔ (فش، ق)
بپوستین افتادن: بمعنیٔ غیبت کردن۔ (پ)
بت پرست: شمن۔
بَتیاره: بہ بای مفتوح[1]، بلا، بھوت۔ (د، قغ)
بحر: دریا۔ (قن)
بچراغ رسیدن: بمعنیٔ توانگر شدن۔ (پ)
بخت: بھاگ۔ (قن)
بُختی: شتر مست۔ (م)
بُخش: بمعنیٔ حصہ و بہرہ۔ (فش، ن)
بخود فرو خفتن: بمعنیٔ متفکر و متحیر بودن۔ (پ)
بخور: کھلا (قن)
بخیہ بر روی کار افتادن: بمعنیٔ ظاہر شدنِ امری پوشیدہ (پ)
بخیہ زدن: آژدن۔

۱۔ لغتِ فرس: ۲۲۵، رشیدی، سراج اور مدی کشا میں بہای فارسی لکھا ہے۔

بد: نکوہیدہ، بُرا۔
بدا: بفتحہ بد معروفست، والف افادۂ معنیٔ کثرت کند۔ بسیار بد۔ (بر، د، وتغ، س، م، کمک)
بدخو: وژخیم۔
بدخوئی: خشم، غصہ۔ (قن)
بدر زدن: اگرچہ لغوی معنی اس کے ہیں باہر مارنا، یعنی بدر باہر اور زدن مارنا، لیکن روزمرہ میں اس کا ترجمہ نکل جانا۔ (آ)
بدرمان درمان: در علاج عاجز۔ (د)
بُگری: مخففِ بودی۔ (عس)
بذر: بذال تخمہ، بوزن وصورت نذر، در عربی تخم را گویند۔ (فتق، ق)
بمعنا بر فر، بمعنیٔ علی۔ (فتق)
برابر دو بدنِ دو کس: پاجفت دو بدن۔
برادر: بھائی۔ (قن)
برادرِ پدر: اودر، عم، چچا۔
برآمدن: دور آمدن کا استعمال بعض متاخرین نے عام کردیا ہے یعنی در آید سے برآید کے معنی لیے ہیں۔ لیکن درکشیدن اور

ہے اور کشیدن اور ۔کشیدن کی جگہ درکشیدن ، بلکہ برکشیدن
کی جگہ درکشیدن نہ چاہیے ۔ (آ)

برآوَرْد : تخرجہ ۔ (د)

بَرایہ : ببای مفتوح سبب ۔ (د ، دفغ)

بَرلَبْشت : بفتحتین ، بمعنیٔ قاعدہ ، قانون ۔ (د ، م)

بَرتافتن : برکاشتن ۔

برجِ ثور : گاد ۔

برجِ عقرب : کژدم ۔

برجیس : زاوش ، سعد اکبر ، مشتری ۔

بَرْخ : بمعنیٔ پارہ و لخت است ۔ و بَرْخی بمعنیٔ لختی و پارہ ۔ (دفش ،
ق)

برخود بالیدن : کنایہ از ناز کردن و فخر کردن ۔ (ب)

بَرْخی : بفتحتین بر وزن دَزْیَ ، بمعنیٔ صدقہ و قربان ۔ (د ، پ)

برخیز : اُٹھ (قن)   بُرد وارِ دیلَر و : اُچکا ، اُٹھائی گیرا ۔ (تیغ)

بُردن ، بُرد ، بُردہ ، بَرَد بحرکتِ فتحیٔ را ، برندہ ۔ (پ)

بَرز : کہ قافیۂ اَرز و مَرز ست در فارسی بمعنیٔ زراعت آمدہ
است ۔ (نش ، ق)

بَرْزِہ: و برزگر، اسم فاعل زراعت است، بمعنی مزارع، چنانکہ ناصر خسرو علوی فرماید:

چو ورزہ بہ ابکار بیرون رود
یکی نان گندمی دو زیر بغل

دیگری سراید: ع برزگری داشت یکی تازہ باغ۔ در شعر اول ورزہ مبدل منہ برزہ است۔ و ابکار مخففِ آبکار۔ و آبکار مقلوبِ کارِ آب۔ حاصل آنکہ چون کشتا ورز بہر آب دادنِ کشت از دِہ بدشت میرود، نان با خود میبرد۔ و این از اتفاقات است کہ بذر بذالِ ثخذ، بوزن و صورتِ نذر، در عربی تخم را گویند۔ و ہم ازینجا ست کہ دبیرانِ روزگار ہر کجا برزگر دیدہ اند، بذرگر نوشتہ اند۔ (فش، ق)

بَرْزَن: بہر دو فتحہ، محلّہ۔ (د)

بَرْسَان: بمعنیٔ امت آمدہ۔ ابای مضاف الیہ نیارند، یعنی برسانِ فلان نبی۔ و آن خود پیدا ست کہ بر بہ معنیٔ علی و سان بمعنیٔ طرز و اسلوب ست۔ (فش، ق)

بَرْشَم: کو مسواک از روی مجاز کہتے ہیں۔ ورنہ وہ دانتون نہیں جو دانت مانجھنے کا آلہ ہے۔ ایک روئیدگیٔ خاص کی نرم نرم

شاخین ہیں کہ ژند پڑھتے وقت ہات میں رکھتے ہیں۔ (تیغ)

برشتن: ببا و رای مکسور، برشت - این را مضارع نباشد۔ (پ)

بُرّشِ دید: بضمہ بای موحدہ و تشدید رای قرشت مکسور[۱] بمعنی
زدہ، ترجمۂ قطعِ نظر- (د، م)

برشکستنِ محفل: عبارت از پراگندہ شدنِ مردم آن مجمع (پ)

برق: آذرگشسب، بجلی۔ (د، فن)

برکاشتن: مرادفِ برتافتن و گردانیدن = گردانیدن ہست۔
و تا این کلمۂ ثنائی، یعنی بای ابجد و رای قرشت، در
اول نفزایند، معنی گردانیدن ندہد- و تا لفظِ رو یا رخ
در اول نیارند، تنہا برکاشتن معنی رو گردانیدن زنہار
ندہد- (فش، ن)

بَرَکت شدن: بفتحِ با و فتحِ را و فتحِ کاف، بمعنی تمام شدن آید۔
(پ)

برکردنِ چراغ: بمعنی افروختنِ چراغ - (پ)

بِرَکہ: بکسرۂ بای موحدہ و فتحۂ کافِ تازی و اخفای ہای ہوز،
بمعنی حوض - (م)

۱- لیکن و تیغ میں بحرکتِ شین، لکھا ہے۔

برگ : پتا ساز و سامان - (قن)
برگ ریز : پائیز، خزان -
برگِ عافیت : مایۂ آرام - (ع)
بُرنا : نوجوان - (د، قط، قو)
بَرنِہاد : بمعنیٔ دستور و قانون و قاعدہ - (د، م)
بروت : سبلت، مونچھ - (قن)
بُرون : بمعنیٔ سوا - (د)
بروی ہم نہادن : انبودن -
بَرّہ : حمل، بھیڑ - (د)
برہنہ : لُخت، عریان -
بَرِید : بروزن بعید، بمعنیٔ قاصد - (م)
بریدن : کاٹنا، برید، بریدہ، بر در نباشی مخصوص بہ بندہ
این بحث بتشدید یا نیز می آید - (پ، قن)
بریدم من از فراغ : یعنی قطعِ نظر کردم از فراغ و نومید شدم
از فراغ - (آ، پ، قن)
برینی : علوی - برینیان : علویان - (د)
بزرگ : فربود، مِہ -

بزرگی : فرتاب، پرتاب
بزور در آغوش کشیدن : افشردن، فِشردن، بھینچنا۔
بزور فرو کردن چیزی در چیزی : سپدختن۔
بَزَہ مند : یعنی مجرم۔ (م)
بَسْت : بفتحِ با، صیغۂ ماضی، و اسمِ طنابی است کہ در اِصْطبلِ خسروانِ ایران بندند و ہر گنہگار کہ خود را بوی رساند، از انتقام ایمن باشد[1]۔ (پ)
بِشت : بیس، تومان، تُمن۔ (قن)
بِستر : بچھونا۔ (قن)
بَستن : باندھنا۔ بست، بستہ، بندد، بندندہ، بند۔ فاعلِ این در عبارت بکار نمی رود۔ (پ، قن)
بسبرِ لعنِ سخن رفتن : یعنی بناز و تکبر حرف زدن۔ (پ)
بسفر رفتن : پاخاکی کردن۔
بسیار بد : بدا۔

۱۔ انجمن آرای میں لکھا ہے : " درین زمان اصطلاح شدہ کہ مردی کہ از بیم باصطبلِ بادشاہ گریزد یا در مرقدِ امامزادہ پناہ بردہ بنشیند تا بحقیقتِ امر او برسند، گویند : بست نشستہ "

بشخل : لغتی است باستانی ولفظی است قدیم - جاندارِ خستہ و گلو بریدہ - (قش، ق)

بسیج : لغتِ فارسی، بمعنیٔ قصد ست - (بز، قش، ق، م)

بسیط : اَردند، اَلوند -

بشکنجہ کشیدن : افشردن، فشردن، بھینچنا -

بشنو : صیغۂ امر ست از شنودن - ترجیۂ کن، یعنی، ہوجا - (دتیغ)

بطی السیر : دیرباز -

بگریز : بھاگ - (قن)

بگزار : فرو ہل -

بگو و بشنو : دو صیغۂ امر ہیں گفتن و شنیدن کے اور اُن پر موحدہ زائدہ ہے - مضارع گوید و شنود اور امر گو اور شنو - (تیغ)

بلبل : ہزار، ہزار دستان، ہزار آوا -

بلند آوازہ گشتن : بمعنیٔ شہرت - (قش، ق)

بنا بآب رسیدن : لازمی اور بنا بہ آب رسانیدن، متعدی باجماعِ جمہور اضداد میں سے ہے - یعنی ہم بمعنیٔ استحکام و ہم بمعنیٔ

---

۱ - انجمن آرا : یا اولِ مفتوح و ثانی مکسور و یای مجہول "۔ و نسخہ قش : ... " بیای فارسی "

انہدام۔ در صورتِ استحکام نیو کا گہرا کھودنا مقصود ہے۔
اور در صورتِ انہدام، لطمۂ امواجِ سیلاب مدِ نظر ہے۔
آب در بنا رسیدن، بمعنیٔ خرابِ بنیاد قیاس ہے۔ اساتذہ کے
کلام میں میں نے نہیں دیکھا۔ اگر آیا ہو تو درست ہے۔ ہاں،
بآب رسانیدنِ بنا کہ بظاہر "آب در بنا رسیدن" کا متعدی
فیہ ہے، بلغا کے کلام میں نظر آیا ہے۔ لیکن اضداد میں سے
ہے۔ بمعنیٔ ویرانی و۔ بنا مستعمل وہم بمعنیٔ استحکامِ بنا دِاس کا
